الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**Asif Raza**	Serial No :	**18302**
Address :	**Sharjah-UAE**	Date :	**12/25/2012**
Subject :	**AQAID**	Contact No:	
Writer :	صبغت اللہ	Email :	

Aslam o Alaykum, warahmat Ullah e Wabarakat,
Mufti Sab maine aap k fatwon ki list main Surah Maidah ki Ayat e Mubarka ka hawala parha hai jis main Allah pak Farmatay hain. (Tarjamah mafhoom) " Aaj Hum ne Aap SA per apna Deen mukammal kardiya aur apni naymtain tamam kardeen, aur Islam ko aap SA ka mazhab chun liya" ab agar koi izafa hay toa woh biddat hai for sure...plz yeah batain k Hazrat Umar RA nay Fajar ki namaz main jo " Aslaat o Khair um Minannoum" add kiya tha kya yeah Bidat k zumray main aata hay? Please meri rehnumai karain..
JAZAK ALLAH KHAIR

السلام علیکم ورحمۃ اللہ،

میں نے آپکے فتاوی کی لسٹ میں سورۃ مائدۃ کی ایت مبارکہ کا حوالہ پڑھا ہے جس میں اللہ پاک فرماتے ہیں (مفہوم ترجمہ) "آج ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنا دین مکمل کردیا اور اپنی نعمتیں تمام کردی، اور اسلام کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مذہب چن لیا" اب اگر کوئی اضافہ ہے تو وہ بدعت ہے

براہ مہربانی یہ بتائیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز میں جو "الصلوۃ خیر من النوم" کا اضافہ کیا تھا کیا یہ بدعت کے زمرے میں آتا ہے؟ براہ مہربانی رہنمائی کریں۔ جزاک اللہ خیر

الجواب حامداً ومصلیاً

اولاً تو یہ جاننا چاہیئے کہ صبح کی آذان میں "الصلوۃ خیر من النوم" کا اضافہ حضرت عمرؓ کا نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ حیات میں یہ کلمہ صبح کی آذان میں حضرت بلالؓ استعمال کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی اس کو صبح کی آذان میں شامل کروایا تھا جیساکہ ذیل کی احادیث سے معلوم ہوتا ہے۔

ثانیاً: اگر یہ اضافہ حضرت عمرؓ کے زمانہ کا ہو تب بھی بحکم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم "علیکم بسنتی و سنۃ الخلفاء الراشدین الخ" یہ سنت ہی ہے، اس کو بدعت قرار دینا درست نہیں، اس سے احتراز لازم ہے۔

فی إعلاء السنن: عن عائشۃ قالت:
جاء بلال إلی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یؤذنہ بصلاۃ الصبح فوجدہ نائماً، فقال: "الصلاۃ خیر من النوم" فأقرت فی آذان الصبح، فقال المؤلف عثمانی تحت ہذا الحدیث: وما رواہ مالک فی المؤطا بلاغاً: أن المؤذن جاء إلی عمر بن الخطاب یؤذنہ بصلاۃ الصبح فوجدہ

(جاری ہے.....)

نائما فقال: "الصلاة خير من النوم" فأمره عمر أن يجعلها في نداء الصبح، فهذا مما يوهم بظاهره أن هذا التثويب في الأذان ابتداء ه عمر رضي الله عنه الخ (ج ٢ ص ٩٩) -

والله اعلم بالصواب

صبغت الله عفي عنه وعن والديه

دار الإفتاء جامعه بنوريه سائٹ كراچی نمبر ١٦

١٨/٩/١٤٣٣ھ

الجواب صحيح
بندہ نادر جان عفا الله عنه
دار الافتاء جامعه بنوريه کراچی
٢٠ رمضان ١٤٣٣ھ

الجواب صحيح
بندہ محمد ... عفا الله عنه
دار الافتاء جامعه بنوريه
٢٠ رمضان ١٤٣٣ھ

نائب رئيس دار الافتاء جامعه بنوريه العالمية

دار الإفتاء
١٨٣٠٢
٢٦/١٠/١٤٣٣ھ
جامعه بنوريه العالمية سائٹ كراچی

الجواب صحيح
3/9/13